# الیکشن کمیشن آف پاکستان

## (Media Coordination & Outreach Wing)

## پریس ریلیز

مورخہ مارچ 8 2022 اسلام آباد

خواتین کے عالمی دن کے حوالے سے الیکشن کمیشن آف پاکستان میں 8 مارچ کو خصوصی تقریب کا انعقاد کیا گیا ہے۔

تقریب میں سول سوسائٹی، خواتین ڈیویلپمنٹ پارٹنرز کے نمائندگان، سیکریٹری الیکشن کمیشن عمر حمید خان، چیئرمین نادرا طارق ملک، معاشرے کے تمام محروم طبقات، خواجہ سراء، اقلیتی برادری، افراد باہمی معذوری سے تعلق رکھنے والے افراد و تنظیموں کے ساتھ الیکشن کمیشن کے افسران خصوصی طور پر خواتین افسران و سٹاف شرکت کی۔

تقریب کے مہمان خصوصی چیف الیکشن کمشنر سکندر سلطان راجہ تھے۔

اس موقع پر چیف الیکشن کمشنر نے خواتین کے ووٹ اندراج اور شناختی کارڈ کے حصول پر خصوصی توجہ دینے پر زور دیا اور نادرا کے تعاون سے نادرا مراکز میں خواتین کے لئے خصوصی کاونٹرز کا بھی افتتاح کیا۔ یہ مخصوص ڈیسک الیکشن کمیشن نے نادرا کے تعاون سے مختلف اضلاع میں مرحلہ وار قایم کئے جارہے ہیں تاکہ خواتین کو شناختی کارڈ کے حصول میں آسانی کو یقینی بنایا جاسکے۔ جرمنی کے سفیر H.E. Bernard Schlagheck نے بھی خصوصی طور پر اس تقریب میں شرکت کی اور خطاب کیا۔

چیف الیکشن کمشنر نے اس موقع پر حاضرین سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ الیکشن کمیشن آئین کے آرٹیکل 25 کے تحت تمام طبقات کو برابر کے مواقع دینے کے لیے پرعزم ہے اور الیکشن کمیشن نے ہمیشہ معاشرے کے تمام محروم طبقات کی انتخابی عمل میں بھرپور شرکت کو یقینی بنانے کے لیئے اقدامات کئے ہیں۔ اور مستقبل میں بھی الیکشن کمیشن خواتین کی انتخابی عمل میں شرکت کو یقینی بنانے کے لئے تمام ممکن اقدامات کرے گا۔

انہوں نے کہا کہ خواتین پاکستان کی کل آبادی کا تقریبا نصف ہیں اور ووٹر لسٹوں میں عورتوں کی تعداد کو مردوں کے برابر لانے کے لیے تمام تر کوششیں جاری ہیں اور اس سلسلے میں بہت سی کامیابیاں بھی حاصل ہوئیں اور اس فرق کے تناسب میں کافی کمی کرلی گئی ہے۔ الیکشن کمیشن کے لیے ہر ووٹر کا ووٹ اہم ہے۔ انتخابی عمل میں خواتین کی بھرپور نمائندگی سے ہی ملک میں جمہوری رویے فروغ پاسکتے ہیں اور جمہوری عمل مکمل ہوتا ہے۔ جس کی بنیاد انصاف، برابری



Scanned with CamScanner

اور شفافیت پر ہے۔ حال ہی میں الیکشن کمیشن نے اپنی تاریخ میں سب سے بڑی تعداد، 22 خواتین الیکشن آفسران کو بھرتی کیا۔ خواتین کے لیے ٹرانسپورٹ، بہتر ڈے کیئر اور پروفیشنل ٹریننگ مہیا کی گئی۔ اس بات کا خاص خیال رکھا گیا کہ کام کی جگہ پر خواتین کو ہراساں کرنے کے حوالے سے مکمل آگاہی دی جائے اور کسی ایسے واقع کو وقوع پزیر ہونے سے روکنے کے لیے تمام ضروری اقدامات کیے جائیں۔ چیف الیکشن کمشنر نے فرمایا کہ انہیں **خوشی ہے کہ الیکشن کمیشن نادرا اور ڈیولپمنٹ پارٹنر کی مدد سے خواتین کے لیے پاکستان کے مختلف اضلاع میں نادرا کے تعاون سے نادرا کے مراکز میں خصوصی رجسٹریشن ڈیسک قائم کرنے میں آج کامیاب ہوا ہے اور اس کا باقاعدہ افتتاح بھی آج کر لیا گیا ہے۔ تاکہ زیادہ سے زیادہ خواتین کو یہ موقع فراہم کیا جائے کہ وہ اپنا شناختی کارڈ بنوا کر ووٹ کا صحیح اندراج کروا سکیں۔**

چیف الیکشن کمشنر نے اس موقع پر ان تمام خواتین کو خراج تحسین پیش کیا جو پولنگ کے عمل میں شامل رہیں، ان کا کہنا تھا کہ پاکستان کے تمام شہریوں خصوصی طور پر خواتین جو 18 سال یا اس سے زائد عمر کی ہیں اپنا شناختی کارڈ بنوا کر دیگر معاشی اور قانونی حقوق کے ساتھ ووٹر لسٹ میں بھی اندارج کروائیں تاکہ آنے والے الیکشن امیں اپنا حق رائے دہی استعمال کر سکیں، خواتین سے درخواست ہے کہ اپنے حق کے لیے پولنگ کے دن باہر نکلیں اور اپنے ووٹ کے اندراج کے بعد انتخابی عمل میں اپنا بھرپور کردار ادا کر کے ملک کے جمہوری نظام کو قوت بخشیں۔ تقریب سے سیکرٹری الیکشن کمیشن عمر حمید خان، چیئرمین نادرا طارق ملک، جرمن سفیر Bernhard Schlagheck اور سول سوسائٹی کے نمائندگان نے بھی خطاب کیا اور خواتین کے شناختی کارڈ کے حصول کے لئے الیکشن کمیشن کو اپنے بھرپور تعاون کا یقین دلایا۔



Scanned with CamScanner